سوال

(57) میت کی قبر پر کھجور کی شاخ رکھنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کی قبر پر کھجور کی شاخ یا کوئی اور سر سبز شاخ رکھنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ جائز نہیں ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کی قبروں پر دو ٹہنیاں رکھی تھیں،[1] کیونکہ آپ کو معلوم کروایا گیا تھا کہ انہیں عذاب ہو رہا ہے اور یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصہ ہے لہذا ہمارے لیے قبر پر کھجور یا کسی اور درخت کی شاخ رکھنا جائز نہیں ہے۔

---

[1] صحیح بخاري، الجنائز، باب الجريدة على القبر، ح: 1361

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

مساجد کے احکام: ج2 صفحہ63

محدث فتویٰ